نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کا زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کا دورہ

پاک چائنہ ڈویلپمنٹ سینٹر کے قیام،سویابین کے بیج کی پیداوار میں اضافہ و دیگر اُمور بارے بریفنگ

حکومت پنجاب زرعی اجناس کی ویلیوایڈیشن کیلئے عملی اقدامات اُٹھارہی ہے۔وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور: 09 مئی 2024: صوبہ پنجاب میں فصلوں کی کاشت کیلئے تین ماہ کی مدت میں ایگروایکالوجیکل زوننگ کی جائے۔حکومت پنجاب زرعی اجناس کی ویلیوایڈیشن کیلئے عملی اقدامات اُٹھارہی ہے۔ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیرزراعت سید عاشق حسین کرمانی نے زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے دورہ کے دوران اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو اور وائس چانسلر زرعی یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر اقرار احمد خان بھی موجود تھے۔اس موقع پر وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کو پاک چائنہ ڈویلپمنٹ سینٹر کے قیام اورسویابین کے بیج اور سٹرس کی پیداوار میں اضافہ سے متعلق بریفنگ دی گئی۔وزیرزراعت پنجاب نے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ تل کی ویلیوایڈیشن کیلئے انڈسٹری کے ساتھ مذاکرات کئے جائیں۔آلو کا پیسٹ بنانے کیلئے بھی انڈسٹری کو آن بورڈ لیا جائے۔انھوں نے مزید کہا کہ صوبہ پنجاب میں کلراٹھی زمینوں کی اصلاح کیلئے منصوبہ پر عمل درآمد جاری ہے۔پاک چائنا ڈویلپمنٹ سینٹر کے قیام کیلئے عملی اقدامات اُٹھائے جارہے ہیں۔صوبہ پنجاب میں سٹرس کی بحالی کیلئے منصوبہ تیار کیا جارہا ہے۔سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ سٹرس ریسرچ انسٹیٹیوٹ سرگودھا کو اپ گریڈ کیا جارہا ہے۔ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ اور لیہ میں سٹرس ریسرچ سینٹرز قائم کئے جارہے ہیں۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ یوایس ایڈ کے کنٹری ہیڈ کو مدعو کرکے زرعی تحقیق اور سائنسدانوں میں بہتری کیلئے تجاویز پیش کی جائیں۔انھوں نے کہا کہ سویابین کے بیج کی پیداوار بڑھانے کیلئے پرائیویٹ سیکٹر سے مذاکرات کئے جائیں۔مقامی سویابین کی خریداری کیلئے پولٹری انڈسٹری کو آن بورڈ لیا جائے۔اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر اقرار احمد خان نے کہا کہ زرعی یونیورسٹی میں 30 ہزار سٹوڈنٹس زیرِ تعلیم ہیں جن میں 50 فیصد طالبات ہیں۔انھوں نے کہا کہ زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے تحت 700 ایکڑ رقبہ پر 171 سویابین کے پلاٹس قائم کئے گئے ہیں۔اجلاس میں ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں، زرعی سائنسدانوں اور اکیڈمیا کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

☆☆☆☆